© rasailojaraid.com



مشاہیر علمائے سرحد : تصنیف : ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمان صاحب

ضخامت : ۶۵۶ صفحات۔ قیمت : درج نہیں۔ناشر : مجلس نشریات اسلام ،ناظم آباد کراچی۔

مخدوم مکرم جناب ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمان صاحب علوی کو اللہ تعالیٰ نے تذکرہ نویسی اور سوانح نگاری کا اعلیٰ ذوق عطاء فرمایا ہے اور تصنیف و تالیف کے میدان میں آپ تعارف کے محتاج نہیں۔ مختلف النوع موضوعات پر آپکی کاوشیں علمی دنیا سے خراج تحسین پاچکی ہیں۔ سینکڑوں علماء ، فضلاء اور مشائخ کو متعارف کرانا ان کے تذکرے ضبط تحریر میں لانا آپ کا ایسا کارنامہ ہے جو رہتی دنیا تک آپ کے نام کو زندہ رکھے گا۔

زیر تبصرہ کتاب میں ۴۴۰ علماء و فضلاء اور مشائخ کا تذکرہ ہے۔ کتاب کے ابتدائیہ میں مصنف رقمطراز ہیں : "مشاہیر علماء سرحد" ۱۸۵۷ء ۱۹۷۶ء ممتاز اصحاب تدریس تصنیف پر راقم الحروف نے استاذ محترم علامہ علاؤالدین صدیقی کی نگرانی میں جو تحقیقی کام ۱۹۷۰ء میں شروع کیا تھا وہ تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ۱۹۷۶ء میں مکمل ہو گیا تھا۔اور اس پر جامعہ پنجاب نے علوم اسلامیہ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری بھی دی تھی ، مگر اس طالب علم نے ڈگری کے حصول کے بعد بھی ملک اور بیرون ملک اس کام کو برابر جاری رکھا اور اب ۱۹۹۷ء میں اسے ۲۸ سال کی تحقیق کے بعد قارئین کرام کی خدمت میں اپنی سعادت کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔ تحقیقی مقالہ کے ابتدائی اور آخری حصے اس میں قصداً شامل نہیں کیئے گئے کہ وہ تو ایک تحقیقی ضرورت تھی اور عام قارئین کیلئے عموماً ان میں کوئی خاص دلچسپی بھی نہیں ہوتی ان کی جگہ مزید جو تذکرے ملے وہ تاریخ وفات کے لحاظ سے ۱۸۰۰ء۔ ۱۹۹۷ تک شامل کر دیئے گئے ہیں اور جن کے تذکرے نہیں ملے ان کا ذکر آخر میں کر دیا گیا ہے۔ کتاب میں انتہائی ضروری مواد ہی کو نہایت اختصار اور جامعیت کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔

**خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔**



© rasailojaraid.com